11/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے 140 کروڑ عوام کی توقعات کو ہر صورت میں پورا کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈیموکریٹک الائنس نے ہمیشہ قوم کے اعتماد کو مستحکم کیا ہے ۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں کل شام NDA کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام نے قومی سطح پر سیاسی استحکام کی اہمیت کو سمجھ لیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ملک نے پچھلے بارہ برسوں کے دوران تمام شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی اور اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ NDA حکومت کی پالیسیاں صحیح سمت میں جا رہی ہیں ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ یاترا کے احسن انعقاد کے لئے ہر طرح کے انتظامات کو پیشگی میں مکمل کریں ۔ انہوں نے خاص طور سے بنیادی ڈھانچے ، طبی نگہداشت، صفائی ستھرائی ، کنیکٹوٹی اور دیگر سہولیات کی طرف توجہ دینے کی ہدایات دیں ۔ میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

واضح رہے کہ اس سال کی سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا 3 جولائی کو شروع ہو کر 28 اگست کو اختتام پذیر ہو گی ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی میں ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی وشنو کے ساتھ ملاقات کی اور جموں و کشمیر میں ریل خدمات کو تقویت بخشنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا

۔وزیراعلیٰ نے اس موقعہ پر کہا کہ جموں سرینگر وندے بھارت ایکسپریس وادی کو ملک کے مختلف حصوں کے ساتھ جوڑنے اور کنیکٹوٹی کی سہولیات میں اضافہ کرنے کے تعلق سے ایک سنگِ میل کی حیثیت اختیار کر رہی ہے ۔

اس موقعہ پر و زیراعلیٰ نے جموں سرینگر وندے بھارت ایکسپریس کے لئے اننت ناگ میں ایک Stoppage قائم کرنے کا معاملہ مرکزی وزیر کی نوٹس میں لایا تاکہ جنوبی کشمیر کے لوگوں کو راحت نصیب ہو سکے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ وندے بھارت ریل گاڑیوں کی Frequency میں اضافہ کیا جانا چاہئے ۔

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان

جمونو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔ انہوننے حال ہی میں یوٹی کے تمام ضلعوں میں پد
یاتراو

ں کا سلسلہ مکمل کیا۔ئ

ابھیان کے تحت اب تک کا فی پیش رفت حاصل کی جا چکی ہے۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے نوجوانوں کو منشیات کی بدعت سے دور رکھنے اور صحت مند، نظم و ضبط اور پیداواری مستقبل کی طرف لے جانے میں کھیلوں کے اہم رول پر زور دیا ہے ۔

Say yes to Sports, No to Drugs کے وزیر موصوف سرینگر میں ایک مقامی سکول میں موضوع کے تحت منعقدہ ایک بیداری پروگرام سے خطاب کر رہے تھے جس کا مقصد نوجوانوں کو منشیات کے استعمال کے نقصان دہ نتائج کے تئیں آگاہ کرنا تھا۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے ایک میٹنگ کے دوران منشیات کے استعمال کے خلاف جاری جنگ کو مضبوط بنانے اور متاثرہ افراد کی طویل مدتی بحالی کو یقینی بنانے کے لئے منشیات کے استعمال کے متاثرین کیلئے ایک بحالی اور سماجی و اقتصادی فریم ورک کو حتمی شکل دی ہے ۔

میٹنگ کے دوران چیف سیکرٹری نے حکومت کی طرف سے نشہ کے بڑھتے ہوئے چیلنج سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی کا خاکہ پیش کیا ۔چیف سیکرٹری نے مزید زور دیا کہ سماجی کارکن صحت یاب ہونے والے افراد کو استحکام ، بحالی اور سماجی و اقتصادی مرکزی دھارے میں علاج اور بحالی کے درمیان اہم کڑی کا کام کرے گا ۔انہوں نے کہا کہ آشا کارکن علاج کے پروٹوکول کو یقینی بنانے میں ایک اہم کردار ادا کریں گی۔

ڈپٹی کمشنر گاندر بل

ڈپٹی کمشنر گاندر بل جتن کشورنے تلہ ملہ علاقے میں ہفتہ وار بلاک دِوس کے تحت عوامی رابطہ پروگرام کے دوران کئی وفود اور افراد کی جانب سے پیش کیے گئے عوامی بہبود سے متعلق مسائل، جن میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی میں اضافہ اور خراب سڑکوں کی مرمت شامل ہیں، پر تبادلہ خیال کیا۔

سرینگر ضلع میں ایمرجنسی ہیلتھ کیئر سروسز کو مستحکم کرنے کی کوشش کو مزید جاری رکھتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے جدید طرزر پر لیس ایک ایمبولنس گاڑی بلاک میڈیکل آفیسر حضرت بل کو سپرد کی ہے۔

شاہراہ

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ رام بن کی جانب سے جاری کردہ ایک اطلاع کے مطابق نیشنل ہائی وے 44 کے نچلانا سٹریچ پر جاری بحالی کے کام کے چلتے یہ سٹریچ 12 جون سے 17 جون کو رات کے 10 بجے سے صبح پانچ بجے تک ٹریفک کے لیے بند کیا جائے گا۔نوٹیفکیشن کے مطابق یہ اقدام مسافروں کے سہولت کے لیے لئے جا رہے ہیں۔

اننت ناگ

اننت ناگ ضلع میں یوتھ انٹرپرینیور شپ کو مستحکم کرنے کی غرض سے ایک اہم اقدام کے تحت کمیٹی اننت ناگ نے ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کشمیر ڈاکٹر بلال Implementation یوتھ ڈسٹرکٹ لیول محی الدین بٹ کی صدارت میں ایک میٹنگ کے دوران 565 معاملات کو منظوری دی ۔

اس دوران ضلعے میں مشن کی پیشرفت کے ساتھ ساتھ مشن یووا کے لیے اپنا ئے جا نے والے اقدامات کا جائزہ بھی لیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****